Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Islamic Studies) Course Work Examination - December - 2017

Paper - PHIS101DST : Area Research Concerned - Islamic Sciences

پرچہ: تحقیق کا متعلقہ دائرہ: اسلامی علوم

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) شاہ ولی اللہ نے قرآنی علوم کی کتنی قسمیں بیان کی ہیں؟

(a) تین (b) پانچ (c) چھ (d) چار

(ii) قرآن کی تفاسیر میں سب سے زیادہ غالب رجحان ہے۔

(a) فقہی رجحان (b) ادبی رجحان (c) متکلمانہ رجحان (d) سائنسی رجحان

(iii) قرآن کے ساتھ حدیث کا ربط کس نوعیت کا ہے؟

(a) حکم قرآنی کی تشریح (b) حکم قرآنی کی تاکید (c) نئے حکم کا اضافہ (d) یہ سب

(iv) موطا امام مالک کی نوعیت کیا ہے؟

(a) حدیث کی کتاب (b) فقہ کی کتاب (c) دونوں کا مجموعہ (d) سارے غلط

(v) مطالعہ حدیث میں جدید موضوعات کیا ہو سکتے ہیں؟ تین موضوعات کی نشاندہی کیجیے۔

(a) .... (b) .... (c) ....

(vi) فقہ کی مکمل انسائیکلوپیڈیا ''الموسوعہ الفقہیہ'' کن مسالک کی نمائندگی کرتی ہے؟

(a) صرف فقہ حنفی کی (b) مذاہب اربعہ کی (c) فقہ سنی اور فقہ شیعی کی (d) مذاہب ثمانیہ کی

(vii) تقلید کا دور کب شروع ہوا؟

(a) پہلی صدی ہجری میں (b) پانچویں صدی میں (c) ہزار سال بعد (d) دور جدید میں

(viii) سلسلہ فردوسیہ سے وابستہ ہیں؟

(a) شیخ شرف الدین منیری (b) شیخ ضیاء الدین عبدالقاہر (c) شیخ نصیرالدین چراغ (d) شیخ نور قطب عالم

(ix) فقہ اباضی کا تعلق ہے۔

(a) خوارج سے (b) معتزلہ سے (c) اہل سنت سے (d) اہل تشیع سے

(x) قرآن کی سب سے زیادہ آیات کا تعلق ہے۔

(a) اخلاقی تعلیمات سے (b) فقہی احکام سے (c) قصص اور واقعات سے (d) کائناتی حقائق سے

حصہ دوم

2۔ موجودہ دور میں قرآن کے جدید موضوعات کیا ہو سکتے ہیں؟ روشنی ڈالیے۔

3- تفاسیر قرآن کے مناہج پر گفتگو کیجیے۔

4- حدیث کے ساتھ قرآن کے ربط پر بحث کیجیے۔

5- علوم حدیث کے ارتقاء کا جائزہ لیجیے۔

6- فقہی مسالک کی صحیح تفہیم کیا ہو سکتی ہے؟ وضاحت کیجیے۔

7- اجتہاد اور تقلید کے درمیان توازن کی راہ کی نشاندہی کیجیے۔

8- تصوف کی تشکیل میں شیخ جنید بغدادی کے کردار کو نمایاں کیجیے۔

9- ہندوستان میں تصوف کے آغاز وارتقاء سے بحث کیجیے۔

حصہ سوم

10- قرآن کے مضامین اور افکار کے حوالے سے اپنے خیالات قلم بند کیجیے۔

11- فقہی اختلاف کی وجوہات بیان کرتے ہوئے فقہی مسالک کی حیثیت واضح کیجیے۔

12- حدیث کی تدریس کے معاصر منہج کے خدوخال پر بحث کیجیے۔

13- جدید فقہی سوالات پر معاصر اجتہاد کے منہج کا جائزہ لیجیے۔

14- تصوف کی بابت اہل علم کی آراء کا جائزہ لیتے ہوئے اپنا محاکمہ پیش کیجیے۔

☆☆☆